Urdu

Sigtuna kommun

گھر اور نرسری اسکول – ساتھ ساتھ

فوٹو: Rosie Alm

تعارف

ہم اپنے نرسری اسکولوں میں بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ تمام والدین کے ساتھ ایک پُراعتماد اور بھروسامند باہمی تعاون قائم کریں جہاں ہم بچے کے بہترین مفادات پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ شریکِ کار کے طور پر ہمآہنگی کا مظاہرہ کریں۔ ایک موثر تعاون کے لئے ضروری ہے کہ شروع سے ہر کسی کو معلوم ہو کہ اس کی ذمہ داری کیا ہے، تعاون کن ذرائع سے کارفرما ہوگا اور تعاون کن چیزوں تک محدود ہوگا۔ گھر اور نرسری اسکول کے درمیان تعاون کو ہر ممکن حد تک بہتر بنانے کے لئے ہم نے یہ دستاویز تیار کی ہے جو سگٹونا کمون کے تمام میونسپل نرسری اسکولوں میں واجب العمل ہے۔ یہاں ہم یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہم یعنی نرسری اسکول اور گھر ایک دوسرے سے کیا توقعات اور مطالبات رکھ سکتے ہیں۔

بچے اور طالب علم بحیثیت قابل کلیدی کردار ادا کرنے والے

ہم اپنے نرسری اور پرائمری اسکولوں سے توقع رکھتے ہیں کہ ان میں بہت زیادہ حد تک یہ اعتماد اور یقین ہونا چاہئے کہ تمام بچے اور طالبعلم کامیاب انسان بننا چاہتے ہیں اور وہ اس مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ہم بچوں اور طالب علموں کو اپنے تجسس، دلچسپیوں، صلاحیتوں اور سوالات کا جواب پانے کے شوق کو اپنی پڑھائی میں بروئے کار لانے کے لئے براہِ راست کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ہم تخلیقی صلاحیتوں، غیر آزمودہ چیزوں کو آزمانے کی ہمت اور ایک دوسرے سے اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر سیکھنے کے شوق کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

امکانات کو وجود میں لانے والوں کی حیثیت سے اساتذہ کا کردار

تحقیق اور مستند تجربہ ہمارے نرسری اور پرائمری اسکولوں میں پڑھائی کی بنیاد ہے۔ ایک مسلسل بدلتی ہوئی دنیا کی ضرورتوں سے نپٹنے کیلئے ہم نئے علوم اور مہارتوں کی تخلیق میں شریکِ کار ہیں، چاہے وہ اساتذہ کی باہمی کوششوں سے وجود لائے اور یا بچوں اور طالب علموں کے ساتھ مشترکہ طور پر سامنے آئے۔ ہم نسبت مندانہ طور پر کام کرنے کے ذریعے اور واضح تدریسی رہنما بن کر تحفظ اور سکون کا ماحول پیدا کرتے ہیں۔

سیکھنے کے عمل کا ایک ایسا ماحول جو سازگار شرائط کو جنم دیتا ہے

بچے اور طالب علم ایک دوسرے، اساتذہ، معاشرے اور ڈیجیٹل دنیا کے ساتھ تعامل کے ذریعے نشوونما پاتے ہوئے نئی چیزیں سیکھتے ہیں۔ جب ہم قابل رسائی سیکھنے کا ماحول فراہم کرتے ہیں تو ہم سیکھنے کے ماحول کے لیے تدریسی، سماجی اور جسمانی نشوونما کے نقطہ نظر سے سوچتے ہیں تا کہ تدریس تمام بچوں اور طالب علموں کی پڑھائی کے شوق میں مزید جوش اور جذبہ پیدا کرے۔

"سب کو نرسری اسکول میں تحفظ اور خوشی کا احساس ہونا چاہئے"

فوٹو: Mostphotos

گھر اور نرسری اسکول کے درمیان باہمی تعاون

نرسری اسکول کی ذمہ داریاں واضح طور پر تعلیمی ایکٹ اور نصاب کے اصولوں کی حدود کے اندر عمل میں لائی جاتی ہیں۔ نرسری اسکول میں کام کی قیادت اور ذمہ داریوں کو سونپنے کی ذمہ داری پرنسپل کے ذمے ہوتی ہے۔ پرنسپل فیصلے صادر کرتا ہے کہ نرسری اسکول کی سرگرمیوں کو کسطرح منظم کرے، دستیاب وسائل کو کس طرح مختص کرنا چاہئے اور نرسری اسکول کو اپنے اہداف کے حصول کے لئے کس طرح کام کرنا چاہئے۔ نرسری اسکول کے اساتذہ تدریس کی ذمہ داری سنبھالتے ہیں۔ تدریس کی منصوبہ بندی، تعمیل اور نظارت کرنا نرسری اسکول کے اساتذہ اور ورک ٹیم کی باہمی ذمہ داریوں میں سے ہے۔

نرسری اسکول گھر کے ساتھ تعاون کر کے بچے کو اپنے حالات کے مطابق اور اپنے شرایط پر ترقی اور نشوونما کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ نرسری اسکول کو بچوں اور بچوں کے سرپرستوں پر واضح کرنا چاہئے کہ تعلیم کے اہداف کیا ہیں۔ اسطرح والدین کو موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ نرسری اسکول کی ذمہ داری کو اچھی طرح سمجھ سکیں اور اس میں خاطر خواہ اثر ڈال سکیں۔

آپ نرسری اسکول کے عملے سے کونسی توقعات رکھ سکتے ہیں

- ہم سب کے ساتھ مہربانی، دوستی اور احترام سے پیش آتے ہیں چاہے وہ ہمارے ادارے کے مراجعین ہوں یا چاہے باہر کے لوگ ہوں اور یا پھر سوشل میڈیا پر لوگوں سے ملاقات ہو۔
- ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ اور آپ کے بچے کا نرسری اسکول میں اچھا تعارف ہو اور بچے کی نشوونما اور ترقی سے متعلق آپ کے ساتھ مسلسل بات چیت میں کوئی کسر نہ رکھی جائے۔
- ہم تدریس کو موجودہ لایحۂ عمل اور نرسری اسکول کے اساتذہ کی پروفیشنل رائے کی بنیاد پر مرتب کرتے ہیں۔
- ہم اِس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ تمام بچے، خواہ اُن کے حالات اور شرایط کیسے بھی ہوں، ترقی کے راستے پر گامزن ہونے میں، مشکلات پر قابو پانے میں اور گروہ میں اپنی ایک خاص جگہ رکھنے کا احساس کرنے میں اطمینان اور دلی خوشی کا احساس کریں۔
- ہم شعوری طور پر بچوں کی تعلیم اور نشوونما میں کھیل کے مرکزی کردار کو فروغ دیتے ہیں تا کہ کھیل اُن کے تخیل، ہمدردی، روابط اور تعاون کرنے اور مسائل سے نمٹنے کی صلاحیت کو بیدار کرے۔
- ہم بچوں کی دلچسپیوں پر مبنی پراجیکٹس کے طور پر اپنے کام کو انجام دیتے ہیں۔ پراجیکٹس کی تیاری اور پیروی تدریسی دستاویزات کی مدد سے ہوتی ہے۔
- ہم کلاس میں احساس تعلق اور یکجہتی پیدا کرنے اور آپ کے بچے کے لئے ایک مستحکم، خوشگوار اور محفوظ ماحول مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہوتے ہیں۔ ہم بدسلوکی کی روک تھام کرتے ہیں اور توہین یا امتیازی سلوک کے واقعات یا شبہ ہونے کی صورت میں ہمیشہ لازمی کارروائی کرتے ہیں۔
- اگر ہمیں شک ہوجائے کہ کوئی بچہ بدسلوکی کا شکار ہے تو ہم متعلقہ حکام کو اطلاع دینے کے پابند ہیں۔
- ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کو نرسری اسکول کے مواصلاتی چینلز کے ذریعے نرسری اسکول میں واقع ہونے والے جاری سرگرمیوں اور موجودہ صورتحال کے بارے میں معلومات دستیاب ہوں۔
- ہم آپ کو بچے کی ترقی کے بارے میں ٹیچر اور والدین کے درمیان ملاقات اور والدین کے اجلاسوں میں مدعو کریں گے۔
- ہم بات چیت، میٹنگز اور سرپرستوں کے لئے مختص سالانہ سروے کے ذریعے نرسری اسکول کی سرگرمیوں کے بارے میں آپ کی آراء اور نظریات سنتے ہیں۔

بطور سرپرست آپ سے ہماری توقعات

- آپ سب کے ساتھ مہربانی، دوستی اور احترام سے پیش آتے ہیں چاہے وہ ہمارے ادارے کے مراجعین ہوں یا چاہے باہر کے لوگ ہوں اور یا پھر سوشل میڈیا پر لوگوں سے ملاقات ہو۔
- آپ نرسری اسکول کی ذمہ داری اور بنیادی اقدار کی حمایت اور احترام میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے اور نرسری اسکول کے عملے کے ساتھ مل کر بچوں کی بہترین مفادات کے لئے کام کرتے ہیں
- آپ کا بچہ نرسری اسکول کے بارے میں آپ کی باتوں اور خیالات سے متأثر ہوتا ہے۔ نرسری اسکول اور تعلیم کے بارے میں مثبت رویئے کے ذریعے آپ اپنے بچے کو عملے پر اعتماد محسوس کرنے اور نرسری اسکول میں اپنے آپ کو محفوظ محسوس کرنے میں مدد کرسکتے ہیں
- اگر آپ کا بچہ بیمار ہوجائے تو نرسری اسکول کے معمولات کے مطابق صبح نرسری اسکول کو مطلع کریں۔ بچے کو شفایاب ہونے تک گھر پر رہنے دیں۔
- بچے کو چھوڑنے یا لینے کے وقت اساتذہ میں سے کسی کے ساتھ رابطہ کریں اور ان کو یہ بھی بتادیا کریں کہ ایسا کچھ پیش آیا ہے جو نرسری اسکول میں بچے کے دن کو متأثر کرسکتا ہے۔
- آپ نرسری اسکول میں اپنے بچے کے شیڈول کی پیروی کرتے ہیں اور جیسے ہی آپ کو ممکنہ تبدیلیوں کا علم ہوجائے، نرسری اسکول کو مطلع کریں۔
  اگر آپ کے علاوہ کوئی اور آپ کا بچہ لینے آرہا ہو تو تب بھی مطلع کیجئے۔
- آپ نرسری اسکول کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہیں اور والدین کے مختص میٹنگز اور بچے کی ترقی کے بارے ٹیچر اور والدین کے درمیان گفتگو میں حصہ لینے کو ترجیح دیتے ہیں۔
- آپ جہاں تک ممکن ہو نرسری اسکول کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے میں، مثال کے طور پر سالانہ سروے کا جواب دے کر، حصہ لیتے ہیں۔

رابطے اور تعاون کے لئے مختص فورمز اور چینلز

ہم گھر کے ساتھ اپنے تعاون کے سلسلے میں مختلف قسم کی معلومات اور بات چیت کے ذرائع استعمال کرتے ہیں۔ ان کی مدد سے نرسری اسکول اور گھر بچوں کی بہترین مفادات کے تحفظ کے لئے مختص تعاون کی ذمہ داری اٹھا سکتی ہے۔

"پری اسکول سے موجودہ معلومات ایپ یونیکم فیملی میں حاصل کی جا سکتی ہیں"

یونیکم (Unikum)

ان والدین کے لئے جن کے بچے نرسری اور پرائمری سکول دونوں میں پڑھتے ہیں، یہ موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ اپنے تمام بچوں کے بارے میں معلومات Unikum Familj ایپ میں دیکھیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ والدین کو اُن سب چیزوں سے جو نرسری اسکول میں پیش آرہے ہیں آگاہ رکھا جائے اور موجودہ حالات اور تبدیلیوں کے بارے میں تازہ معلومات فراہم کی جاسکے۔

ٹمپس (Tempus)

نرسری اسکول کی طالب علم کے والدین کی حیثیت سے آپ اپنے بچے کے اوقات Tempus Hemma ایپ میں درج کرسکتے ہیں۔ آپ ویب کے ذریعے بھی یہ کام انجام دے سکتے ہیں۔

مشاورتی فورم

ہر نرسری اسکول میں ایک فورم موجود ہوتا ہے جہاں والدین کو موقع دیا جاتا ہے کہ تعلیمی مسائل کے سلسلے میں ہمارے ساتھ مل کر کام کریں۔ یہ فورم والدین، اساتذہ کے نمائندوں اور نرسری اسکول کی قیادت پر مشتمل ہوتا ہے۔ نرسری اسکول کا مشاورتی فورم سمسٹر میں کم سے کم ایک مرتبہ اجلاس بُلاتا ہے جس میں نرسری اسکول کی سرگرمیوں کے لئے ضروری موضوعات کا جائزہ لیا جاتا ہے، مثال کے طور پر موجودہ انتظامی اور عملی مسائل، باضابطہ معیاری کام اور تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کا لایحۂ عمل۔ اس فورم کا مقصد یہ ہے کہ نرسری اسکول بعض فیصلوں سے پہلے اس حوالے سے والدین کے نظریات اور آراء سے آگاہی حاصل کرسکیں۔ لیکن مشاورتی فورم کوئی ایسا ادارہ نہیں ہے جو بذات خود فیصلے کرسکے یا کوئی ایسا فورم جہاں نرسری اسکول کے عملے، کلاسوں یا بچوں سے متعلق ذاتی اور انفرادی مسائل پر تبادلۂ خیال کیا جائے۔ یہ نرسری اسکول کی ذمہ داری ہے کہ ان نشستوں کے لئے ایجنڈا تیار کرے اور وہاں ہونی والی گفتگوؤں کی یادداشت لکھے۔

والدین کے اجلاس

نرسری اسکول سال میں ایک یا دو مرتبہ آپ گھروالوں کو اسکول کے عملے کے ساتھ ملاقات کے لئے دعوت دیتا ہے۔ یہ اجلاسیں نرسری اسکول کی ذمہ داریوں اور اہداف، جاری پراجیکٹس اور نرسری اسکول کی سرگرمیوں کی کیفیت اور ترقی سے متعلق ہوسکتی ہیں۔ اجلاسوں کو نرسری اسکول کی طرف سے منعقد کئے جانے والے مثال کے طور آرٹ کی نمائش یا دوسرے قسم کے فیملی سرگرمیوں کے ضمن میں بھی منعقد کیا جاسکتا ہے۔

طالب علم کی ترقی کے بارے میں والدین اور اساتذہ کی ملاقات

نرسری اسکول آپ والدین کو سال میں کم سے کم ایک مرتبہ طالب علم کی ترقی کے بارے میں والدین اور اساتذہ کی ملاقات کے لئے مدعو کرتا ہے۔ اس ملاقات کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو اپنے بچے کی پڑھائی اور جاری پراجیکٹس میں پیشرفت کے بارے میں آگاہی حاصل ہوجائے۔

میٹنگز

بچے کو پک اپ اور ڈراپ آف کرنے کے وقت روزانہ کی ملاقات میں آپ نرسری اسکول میں بچے کے وقت سے متعلق عمومی موضوعات پر بات کرتے ہیں۔ اگر آپ یا نرسری اسکول کے اساتذہ میں سے کوئی کسی خاص موضوع پر مفصل گفتگو کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے علیحدہ میٹنگ طے کیا جاتا ہے۔ انفرادی میٹنگز اور ملاقاتیں عملے کے کام کے اوقات میں بندوبست کیا جاتا ہے۔

نرسری اسکول میں ملاقاتیوں سے متعلق معمولات

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اپنے کے بچے کے ساتھ نرسری اسکول میں کوئی دن گزاریں تو آپ کو اس کی پُرتپاک دعوت دی جاتی ہے۔ اگر آپ اسکول میں لنچ کھانا چاہتے ہیں تو اس کی قیمت ادا کرنی ہوگی۔ نرسری اسکول میں ایسے بچے اور کارکن ہوسکتے ہیں جن کی شناخت خفیہ ہو اور ان کی حفاظت کیلئے ضروری ہے کہ آپ نرسری اسکول کے احاطے کے اندر حاصل ہونی والی معلومات کو اخفائے راز میں رکھیں اور بچوں اور عملے کی تصویر یا فلم بنانے سے گریز کریں۔

ٹیلی فون کے اوقات

ٹیلی فون کا جواب نرسری اسکول کے اوقات کار کے دوران دیا جاتا ہے۔ اگر متعلقہ شعبہ ٹیلی فون کا جواب نہ دے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم بچوں کے ساتھ مصروف ہیں اور اس لئے تھوڑی دیر بعد دوبارہ فون کرنے کی کوشش کریں۔

پریشانی یا نظریات

اگر آپ کے پاس نرسری اسکول میں اپنے بچے کی صورتحال کے بارے میں سوالات یا نظریات ہوں تو آپ کو پہلے قدم میں بچے کے متعلقہ شعبے کے عملے سے رابطہ قایم کرنا چاہئے کیونکہ وہ آپ کے بچے سے سب سے زیادہ واقف ہوتے ہیں۔ اگر آپ محسوس کریں کہ عملے سے بات چیت کے بعد آپ کی پریشانی پھر بھی برقرار ہے یا اگر آپ تحقیقات، سروے اور ادارے اور انتظامی امور کے بارے میں نظریات رکھتے ہیں تو اپنے نرسری اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کی پریشانی پرنسپل سے بات چیت کرنے کے بعد بھی ختم نہ ہو یا آپ کو احساس ہو رہا ہو کہ آپ کو اپنے سوالات اور نظریات کا خاطرخواہ جواب حاصل نہیں ہوا ہے تو آپ کمون کی وبسایٹ کے ذریعے کمون کے بچوں اور نوجوانوں کی نشوونما کے ادارے سے رابطہ کرسکتے ہیں، وبسایٹ میں "Tyck till" تک جانے والا لنک فالو کریں۔

سرپرست کی حیثیت سے آپ سگٹونا کمون کے بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) سے بھی رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کا محتسب (BEO) خصوصی معاونت، خلاف ورزیوں، سلامتی کی عدم موجودگی اور مساوی سلوک سے متعلق مسائل سے نپٹتا ہے۔ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) ہمیشہ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کو مد نظر رکھتا ہے اور اُن کے بہترین مفادات پر توجہ مرکوز رکھتا ہے۔ اگر آپ سرپرست کی حیثیت سے محسوس کریں کہ اسکول کے ساتھ رابطے میں کوئی کمی ہے تو بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کا محتسب (BEO) اس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ ہر کسی کی آواز سنی جائے۔ آپ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) کے ساتھ نرسری اور پرائمری اسکولوں میں بدسلوکی اور امتیازی سلوک سے متعلق مسائل کے بارے میں گمنام طور پر بھی رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) کا پتہ اور فون نمبر وغیرہ سگٹونا کمون کے ٹیلی فون نمبر 00 260 591-08 سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

فیڈبیک اور جواب

اگر آپ نرسری اسکول کو ای میل بھیجیں تو اس آپ تین دنوں کے اندر جواب موصول ہونے کی توقع کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کمون کے بچوں اور نوجوانوں کی نشوونما کے ادارے کے کسی کارکن کے ساتھ رابطہ کریں تو وبسائٹ پر "Tyck till" کو بروئے کار لائیں تو آپ کو پانچ دنوں کے اندر فیڈبیک مل جائے گا۔

تحفظ اور ذہنی سکون کیلئے عام راہنما اصول

ہمارے عام راہنما اصول سگٹونا کمون کے سارے نرسری اسکولوں میں واجب العمل ہیں۔ وہ قوانین جو بقیہ معاشرے میں لاگو ہیں نرسری اسکول میں بھی واجب العمل ہیں۔ قانون کی خلاف ورزی کے نتیجے میں نرسری اسکول پولیس میں رپورٹ درج کرسکتا ہے۔

بدسلوکی اور ایذارسانی کے خلاف زیرو ٹالرنس

بدسلوکی یا کسی اور کو تکلیف دینے کے ہر واقعے کے نتیجے میں نرسری اسکول کے عملے کی جانب سے ردعمل کا اظہار ہونا چاہئے۔ ہر کیس کی پیروی کی جاتی ہے اور مسئلے کو خاطرخواہ طور پر سلجھایا جاتا ہے۔

غیر مجاز افراد نرسری اسکول نہیں آسکتے

کوئی شخص بغیر اجازت کے نرسری اسکول کے احاطے میں نہیں آسکتا۔ اگر ہم متوجہ ہوجائیں کہ کوئی شخص بغیر کسی مقصد کے نرسری اسکول کے احاطے میں موجود ہے تو ہم اپنی طرف سے متوجہ کرتے ہیں اور اُن کو باہر کا راستہ دکھاتے ہیں۔

"نرسری اسکول آکے ہمارے ساتھ کوئی دن گزاریں"

فوٹو: Scandinav/Johnér

سرگرمیوں کی نگرانی

سگٹونا کمون کے اسکولوں میں ہم باضابطہ طور پر اپنی سرگرمیوں کی کیفیت کو بہتر بنانے کیلئے کاوشیں کرتے رہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ تمام نرسری اسکول اور انتظامیہ (کمون) سرگرمیوں کی ایک مشترکہ حکمت عملی کے تحت مسلسل طور پر جائزہ لے کر اپنی سرگرمیوں کو ترقی دیتے ہیں۔ سلامتی، خوشی اور ذہنی سکون کی مندرجہ ذیل طریقوں سے نگرانی کی جاتی ہے۔

والدین اور سرپرستوں کیلئے مخصوص سوالنامہ

موسم بہار میں والدین کیلئے مخصوص سوالنامے پر عمل درآمد کیا جاتا ہے جس میں آپ نرسری اسکول کے بچوں کے سرپرست کی حیثیت سے سرگرمیوں کی کوالٹی کا جائزہ لیتے ہیں۔ اس سوالنامے میں آپ مشارکت، ارتباط اور ہماہنگی سے متعلق مسائل کے بارے میں سوالات کا جواب دیتے ہیں۔ تمام سوالناموں کے نتائج ہر نرسری اسکول اور مجموعی طور پر تمام کمون کے سطح پر مرتب اور تجزیہ کئے جاتے ہیں۔ نتائج کے تجزیے کی بنیاد پر نرسری اسکول سرگرمیوں اور انتظامات کا بندوبست کرتے ہیں جو نرسری اسکول کے لائحۂ عمل اور تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کے لائحۂ عمل میں لکھے جاتے ہیں۔

تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کا لایحۂ عمل

نرسری اسکول ہر سال تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کے لایحۂ عمل کا جائزہ لیتا ہے۔ ہم لایحات عمل میں بہتری یا تبدیلی کی گنجائش کا جائزہ لینے کیلئے ان پر غور کرتے ہیں۔ نرسری اسکول میں تحفظ اور سلامتی برقرار رکھنے کیلئے کئے جانے والے اقدامات کا مقصد نرسری اسکول میں بدسلوکی، تعصب اور ہراسانی کا پوری یکسوئی کیساتھ مقابلہ، روک تھام اور نپٹنا ہے۔ لایحۂ عمل نرسری اسکول کے تمام سرگرمیوں پر محیط اور لاگو ہوتا ہے اور نرسری اسکول کے تمام عملے کیلئے ایک آلۂ کار کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہر نرسری اسکول کے لایحۂ عمل میں موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا جاتا ہے جس میں نرسری اسکول میں حفاظتی اقدامات کو جانچا جاتا ہے اور مزید بہتری کیلئے کارروائی اور انتظامات کئے جاتے ہیں۔

نظارتی اقدامات

ہر ٹیم نصاب کے مقاصد کی بنیاد پر نرسری اسکول کی سرگرمیوں کا جائزہ لیتی ہے اور اس بارے میں اپنی رائے دیتی ہے کہ یہ سرگرمیاں کس حد تک نصاب کے مقاصد کو پورا کررہی ہیں۔ اس سلسلے میں نرسری اسکول شعبے اور نرسری اسکول کی سطح پر ان مسائل کی نشاندہی کرتا ہے جن میں ترقی اور بہتری کی گنجائش موجود ہو۔ یہ مسائل اور ان سے وابستہ سرگرمیاں بعد میں نرسری اسکول کی ورک پلان میں شامل کئے جاتے ہیں۔

سرپرستوں کے لیے فیڈبیک

سرپرست کی حیثیت سے آپ ہر موسم خزاں میں والدین کے اجلاس کے دوران نرسری اسکول کی حفاظتی اقدامات کے بارے میں معلومات اور سروے کے ذریعے حاصل شدہ نتائج حاصل کرسکتے ہیں۔ انتظامیہ (کمون) ادارے کے تمام اسکولوں سے جمع کئے گئے نتائج کو ایک سالانہ معیاری رپورٹ میں درج کرکے کمون کے وبسائٹ پر شایع کرتا ہے۔

آپ کے وقت اور دلچسپی کیلئے آپ کا شکریہ

ہم مل کر ایسے نرسری اور پرائمری اسکول وجود میں لانے میں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں جہاں بڑے اور بچے دونوں کیلئے تحفظ، خوشگواری اور ذہنی سکون کی فضا مہیا ہو۔

فوٹو: Plattform/Johnér

پرنٹ: Tryckservice Ängelholm, 2022 Grafisk form: Matador Kommunikation AB

یہ کتابچہ ان زبانوں میں بھی دستیاب ہے: انگریزی، اردو، عربی، صومالی اور فینیش۔ مختلف زبانوں میں تیار کئے گئے نسخوں کی سافٹ کاپی ہمارے وبسایٹ www.sigtuna.se سے ڈاونلوڈ کرسکتے ہیں۔

Sigtuna Kommun

Södergatan 20, 191 85 Märsta

www.sigtuna.se فون: 08-591 260 00

Sigtuna kommun